**Pearson Edexcel GCE**

# Urdu

**Advanced Subsidiary**
**Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu**
**(Teacher/Examiner Version)**

Summer 2018
**Time: 8–10 minutes**

Paper Reference
**6UR01**

**You do not need any other materials.**

*Turn over* ▶

P57835A
©2018 Pearson Education Ltd.
1/1/1/1/1/

P 5 7 8 3 5 A

Pearson

**Instructions to teacher/examiner**

- Candidates must be allowed 15 minutes' preparation time.
- The preparation time must be immediately prior to the examination.
- The preparation time must be used to study the stimulus.
- Candidates can make notes. This can be up to a maximum of one side of A4.
- Candidates may refer to their notes and the stimulus during the test.
- Candidates must not write on the stimuli.
- Candidates must not have access to a dictionary, or any other resource, during the preparation time.
- Any notes made during the preparation time must be kept by the centre until the release of results.
- The 4 set questions in Section A must be asked by the teacher/examiner as they are presented. Questions may be repeated, but rephrasing is prohibited. **No** supplementary questions may be asked.
- Section B involves a discussion that moves away from the main focus of the stimulus, but is still related to the chosen topic area.

## Sequence of oral tests

- To avoid duplication of stimuli, candidates must be given the cards in the sequence and combination prescribed below. Refer first to the candidate column and then go across to the candidate's chosen general topic area. **For example, for the fourth candidate of the day, refer to row 4. If their chosen general topic area is 'The world around us', they must be allocated stimulus 2 card S2A.**
- If you conduct more than 15 tests in a day e.g. in the morning, afternoon and evening sessions, after the 15th candidate start at the beginning of the sequence again.
- If you are conducting tests on more than one day, start each new day at the beginning of the sequence.

| | **Stimulus** | | | |
|---|---|---|---|---|
| Candidate | Youth culture & concerns | Lifestyle, health and fitness | The world around us | Education and employment |
| 1 | S1A | S2A | S2A | S1A |
| 2 | S2B | S1B | S2B | S1B |
| 3 | S2A | S1A | S1A | S2A |
| 4 | S1B | S2B | S2A | S1A |
| 5 | S2B | S1B | S1B | S2B |
| 6 | S1A | S2A | S1A | S2A |
| 7 | S2A | S2B | S2B | S1B |
| 8 | S2B | S1A | S1B | S2B |
| 9 | S1B | S2A | S2A | S1A |
| 10 | S1A | S1B | S2B | S1B |
| 11 | S2B | S1A | S1A | S2A |
| 12 | S1A | S2B | S2A | S2B |
| 13 | S2A | S1B | S1B | S1A |
| 14 | S2B | S2A | S1A | S2A |
| 15 | S1B | S2B | S2B | S1B |

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# پان کھانے کے نقصانات



بہت سے ایشیائی ممالک میں کروڑوں لوگ پان کھانے کے عادی ہیں۔ ان ممالک کے تقریباً سب ہی شہروں میں جگہ جگہ فرش اور دیواروں پر پان کے سرخ دھبے دکھائی دیتے ہیں۔ اس کے عادی لوگ بعض اوقات مختلف قسم کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں لیکن اکثر لوگ پان کے نقصانات سے بے خبر ہیں۔ اسی وجہ سے یہاں کی حکومتوں نے عوام کو پان کھانے کے خطرات سے آگاہ کرنے کے لیے ایک مہم چلا رکھی ہے۔

1 عبارت کے مطابق لوگ کس چیز کے عادی ہیں؟

2 عبارت کے مطابق ایشیائی ممالک میں کونسی مہم شروع کی گئی ہے؟

3 آپ کے خیال میں نشے والی چیزیں استعمال کرنے پر پابندی لگائی جانی چاہیے یا نہیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ صحت مند رہنے کے لیے کون سے طریقے استعمال کرتے ہیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# پان کھانے کے نقصانات



بہت سے ایشیائی ممالک میں کروڑوں لوگ پان کھانے کے عادی ہیں۔ ان ممالک کے تقریباً سب ہی شہروں میں جگہ جگہ فرش اور دیواروں پر پان کے سرخ دھبے دکھائی دیتے ہیں۔ اس کے عادی لوگ بعض اوقات مختلف قسم کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں لیکن اکثر لوگ پان کے نقصانات سے بے خبر ہیں۔ اسی وجہ سے یہاں کی حکومتوں نے عوام کو پان کھانے کے خطرات سے آگاہ کرنے کے لیے ایک مہم چلا رکھی ہے۔

1 عبارت کے مطابق لوگ کس چیز کے عادی ہیں؟

2 عبارت کے مطابق ایشیائی ممالک میں کونسی مہم شروع کی گئی ہے؟

3 نوجوانوں کی زندگی میں کونسی چیزیں زیادہ نقصان دہ ہو سکتی ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ صحت بخش غذا کے بارے میں دوسروں کو کیا مشورہ دیں گے؟ تفصیل سے بتائیے۔

GCE URDU AS
UNIT 1

TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS

STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)

CARD 2A

# دل کے دورے کے اسباب



اگر آپ کو کسی بات پر غصہ آ رہا ہے تو اس صورت میں ورزش کرنے کا سوچیں بھی نہیں کیونکہ ایسی حالت میں دل کے دورے کا خطرہ کئی گنا بڑھ سکتا ہے۔ تحقیق کے مطابق یہ خطرہ ہر عمر کے لوگوں کو درپیش ہوسکتا ہے۔ ماہرین کے مطابق غصہ یا مایوسی کی حالت میں دل کے دورے کا خطرہ تین گنا بڑھ جاتا ہے۔ اُن کا کہنا ہے کہ غصے کی حالت میں کبھی بھی جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی کوشش نہ کریں چاہے آپ کتنے ہی صحت مند کیوں نہ ہوں۔

1 عبارت کے مطابق غصے کی حالت میں کیا نہیں کرنا چاہیے؟

2 عبارت کے مطابق دل کے دورے کا خطرہ کس عمر کے لوگوں کو ہو سکتا ہے؟

3 آپ کے خیال میں صحت مند رہنے میں سب سے بڑی رکاوٹ کیا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 جس شہر میں آپ رہتے ہیں وہاں علاج کی سہولتوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔



P57835A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# دل کے دورے کے اسباب



اگر آپ کو کسی بات پر غصہ آ رہا ہے تو اس صورت میں ورزش کرنے کا سوچیں بھی نہیں کیونکہ ایسی حالت میں دل کے دورے کا خطرہ کئی گنا بڑھ سکتا ہے۔ تحقیق کے مطابق یہ خطرہ ہر عمر کے لوگوں کو درپیش ہوسکتاہے۔ ماہرین کے مطابق غصہ یا مایوسی کی حالت میں دل کے دورےکا خطرہ تین گنا بڑھ جاتا ہے۔ اُن کا کہنا ہے کہ غصے کی حالت میں کبھی بھی جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی کوشش نہ کریں چاہے آپ کتنے ہی صحت مند کیوں نہ ہوں۔

1 عبارت کے مطابق غصے کی حالت میں کیا نہیں کرنا چاہیے؟

2 عبارت کے مطابق دل کے دورے کا خطرہ کس عمر کے لوگوں کو ہو سکتا ہے؟

3 آپ کے خیال میں ورزش کی سہولتوں کا نوجوانوں پر کیا اثر ہوتا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں مل کر کھیلنے کے کیا فائدے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# انسانی حقوق کی نمائندہ



پاکستان کے ایک علاقے سوات سے تعلق رکھنے والی چودہ سالہ حدیقہ بشیر نے ایشیائی لڑکیوں کی انسانی حقوق کی نمائندہ بننے کا انعام جیتا۔ حدیقہ نے ایشیا بھر کی عورتوں اور لڑکیوں کو اپنے حقوق کے لیے کھڑا ہونے پر زور دیا۔ کچھ عرصہ پہلے حدیقہ نے کم عمر بچوں کی شادی پر پابندی کے بارے میں ایک مہم چلائی۔ جس کی وجہ سے اُسے انسانی حقوق کے مشہور محمد علی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اس کامیابی پر ملک کے تمام لوگوں نے خوشی کا اظہار کیا۔

1 عبارت کے مطابق حدیقہ بشیر کہاں کی رہنے والی ہے؟

2 عبارت کے مطابق حدیقہ بشیر کو انعام کیوں ملا؟

3 کیا آپ کی رائے میں نوجوان جدید ٹیکنالوجی کے عادی ہو گئے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا آپ کے خیال میں نوجوان اپنے والدین سے زیادہ اپنے دوستوں پر بھروسہ کرتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# انسانی حقوق کی نمائندہ



پاکستان کے ایک علاقے سوات سے تعلق رکھنے والی چودہ سالہ حدیقہ بشیر نے ایشیائی لڑکیوں کی انسانی حقوق کی نمائندہ بننے کا انعام جیتا۔ حدیقہ نے ایشیا بھر کی عورتوں اور لڑکیوں کو اپنے حقوق کے لیے کھڑا ہونے پر زور دیا۔ کچھ عرصہ پہلے حدیقہ نے کم عمر بچوں کی شادی پر پابندی کے بارے میں ایک مہم چلائی۔ جس کی وجہ سے اُسے انسانی حقوق کے مشہور محمد علی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اس کامیابی پر ملک کے تمام لوگوں نے خوشی کا اظہار کیا۔

1 عبارت کے مطابق حدیقہ بشیر کہاں کی رہنے والی ہے؟

2 عبارت کے مطابق حدیقہ بشیر کو انعام کیوں ملا؟

3 کیا آپ کی رائے میں نوجوانوں کو اپنے والدین کی ہر بات مان لینی چاہیے اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 "آج کل ایشائی خاندان میں مل جل کر رہنے کا رواج ختم ہوتا جا رہا ہے۔" اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کریں۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# فیشن کا منفی اثر



آج کل دنیا بھر میں جینز پہننا ایک فیشن بن گیا ہے۔ لیکن ڈاکٹروں کے مطابق اس فیشن کا انسانی جسم پر برا اثر بھی پڑ سکتا ہے۔ حال ہی میں ایک نوجوان کی ٹانگیں سوج جانے کی وجہ سے ان کی چست جینز کاٹنی پڑی کیونکہ یہ نوجوان اپنا سامان باندھنے کے لیے کئی گھنٹوں تک فرش پر بیٹھے رہنے کی وجہ سے اُٹھنے کے قابل نہ رہا۔ ڈاکٹر وں نے مشورہ دیا ہے کہ اگرچہ چست لباس پہننا فیشن ہے لیکن اس کے کئی نقصانات بھی ہو سکتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق کونسی چیز فیشن بن گئی ہے؟

2 عبارت کے مطابق ڈاکٹروں نے کیا مشورہ دیا ہے؟

3 آپ کے خیال میں موسم کے مطابق لباس پہننا کیوں ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا موبائل فون ایک فیشن ہے یا ضرورت؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# فیشن کا منفی اثر



آج کل دنیا بھر میں جینز پہننا ایک فیشن بن گیا ہے۔ لیکن ڈاکٹروں کے مطابق اس فیشن کا انسانی جسم پر برا اثر بھی پڑ سکتا ہے۔ حال ہی میں ایک نوجوان کی ٹانگیں سوج جانے کی وجہ سے ان کی چست جینز کاٹنی پڑی کیونکہ یہ نوجوان اپنا سامان باندھنے کے لیے کئی گھنٹوں تک فرش پر بیٹھے رہنے کی وجہ سے اُٹھنے کے قابل نہ رہا۔ ڈاکٹر وں نے مشورہ دیا ہے کہ اگرچہ چست لباس پہننا فیشن ہے لیکن اس کے کئی نقصانات بھی ہو سکتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق کونسی چیز فیشن بن گئی ہے؟

2 عبارت کے مطابق ڈاکٹروں نے کیا مشورہ دیا ہے؟

3 ایشیائی موسیقی کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا آج کل کے نوجوان دبلا پتلا رہنا زیادہ پسند کرتے ہیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

GCE URDU AS
UNIT 1

TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US

STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)

CARD 1A

# سوات کا مشہور تحفہ



ٹراؤٹ مچھلی کی پیداوار کے حوالے سے سوات بہت مشہور ہے۔ وہاں پہلا ٹراؤٹ فارم 1988 میں بنایا گیا تھا۔ چند سال پہلے تک اس کی پیداوار بہت زیادہ تھی لیکن 2012 میں سیلاب کی وجہ سے ٹراؤٹ فارم تقریباً ختم ہوگئے تھے۔ خوش قسمتی سے حکومت اور مختلف غیر سرکاری تنظیموں کی مدد سے صورت حال بہتر ہوگئی ہے۔ اب سوات کے تقریباً تمام ہوٹلوں میں ٹراؤٹ مچھلی دستیاب ہے جسے سیاحوں کے علاوہ مقامی لوگ بھی بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق سوات کس چیز کے لیے مشہور ہے؟

2 عبارت کے مطابق 2012 میں کیا ہوا تھا؟

3 آپ کے علاقے میں کھانے کی کیا خاص چیز مشہور ہے اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 نوجوانوں کے لیے دوسرے ملکوں کی سیر کرنا کیوں ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# سوات کا مشہور تحفہ



ٹراوٹ مچھلی کی پیداوار کے حوالے سے سوات بہت مشہور ہے۔ وہاں پہلا ٹراوٹ فارم 1988 میں بنایا گیا تھا۔ چند سال پہلے تک اس کی پیداوار بہت زیادہ تھی لیکن 2012 میں سیلاب کی وجہ سے ٹراوٹ فارم تقریباً ختم ہوگئے تھے۔ خوش قسمتی سے حکومت اور مختلف غیر سرکاری تنظیموں کی مدد سے صورت حال بہتر ہوگئی ہے۔ اب سوات کے تقریباً تمام ہوٹلوں میں ٹراوٹ مچھلی دستیاب ہے جسے سیاحوں کے علاوہ مقامی لوگ بھی بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق سوات کس چیز کے لیے مشہور ہے؟

2 عبارت کے مطابق 2012 میں کیا ہوا تھا؟

3 آپ کے علاقے میں ماحولیات کو بہتر بنانے کے لیے کن تبدیلیوں کی ضرورت ہے اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کی رائے میں مختلف کلچر کے لوگوں سے دوستی کرنا کیوں ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# سیاحت سے بالی وڈ تک



ایک برطانوی سیاح ممبئ کی ایک سڑک پر ہوٹل کی تلاش میں گھوم رہا تھا کہ اچانک پیچھے سے ایک آواز آئی "کیا تم بالی وڈ فلموں میں کام کرنا چاہتے ہو؟" اگلے دن اسے کئی دوسرے غیرملکیوں کے ساتھ ایک فلم سٹوڈیو لے جایا گیا جہاں اُس فلم کے سیٹ پر ایک کلب کے ماحول میں ناچنا تھا۔ جب اس کام کے اُسے صرف پانچ سو روپے ملے تو اُس نے کہا "یہاں بات پیسے کی نہیں بلکہ تجربے کی ہے کہ بالی وڈ میں کام کرنا کیسا ہے خواہ وہ ایک ہی دن کے لیے ہو"۔

1 عبارت کے مطابق سیاح کس چیز کی تلاش میں تھا؟

2 عبارت کے مطابق اسے کیا کرنے کے لیے کہا گیا؟

3 فلمیں دیکھنے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کی رائے میں گاڑیوں کے استعمال کو کم کرنے سے ماحول پر کیا فرق پڑے گا؟ تفصیل سے بتائیے۔



P57835A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# سیاحت سے بالی وڈ تک



ایک برطانوی سیاح ممبئ کی ایک سڑک پر ہوٹل کی تلاش میں گھوم رہا تھا کہ اچانک پیچھے سے ایک آواز آئی "کیا تم بالی وڈ فلموں میں کام کرنا چاہتے ہو؟" اگلے دن اسے کئی دوسرے غیرملکیوں کے ساتھ ایک فلم سٹوڈیو لے جایا گیا جہاں اُس فلم کے سیٹ پر ایک کلب کے ماحول میں ناچنا تھا۔ جب اس کام کے اُسے صرف پانچ سو روپے ملے تو اُس نے کہا "یہاں بات پیسے کی نہیں بلکہ تجربے کی ہے کہ بالی وڈ میں کام کرنا کیسا ہے خواہ وہ ایک ہی دن کے لیے ہو"۔

1 عبارت کے مطابق سیاح کس چیز کی تلاش میں تھا؟

2 عبارت کے مطابق اسے کیا کرنے کے لیے کہا گیا؟

3 کیا آپ کی رائے میں گاڑی رکھنا ایک ضرورت ہے یا شوق؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے شہر میں سیاحوں کے لیے کس قسم کی سہولتوں کی ضرورت ہے اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# امتحان کی تیاری



امتحان دینے سے پہلے دنیا بھر کے اکثر لوگ مختلف قسم کے طریقے اپناتے ہیں۔ مثال کے طور پر پنجاب میں مائیں اپنے بچوں کو دہی اور شکر کھلاتی ہیں کیونکہ اس سے طالب علموں کو توانائی ملتی ہے۔ پولینڈ میں طلبا سرخ رنگ کی پتلون پہنتے ہیں جبکہ افریقہ کے کئی ملکوں میں طلبا سمجھتے ہیں کہ دوسروں سے ہاتھ ملانے سے تمام سیکھی ہوئی معلومات ان کے دماغ میں چلی جاتی ہیں۔ ہر آدمی اپنی پسند کے مطابق کوئی نہ کوئی طریقہ اپنا لیتا ہے۔

1 عبارت کے مطابق پنجاب کی مائیں کیا کرتی ہیں؟

2 عبارت کے مطابق افریقہ کے طلبا کیا سمجھتے ہیں؟

3 آپ کے خیال میں امتحان کی تیاری کے مفید طریقے کیا ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کی رائے میں کیا اسکول نوجوانوں کو مستقبل کے لیے اچھی طرح تیار کرتے ہیں یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔



P57835A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# امتحان کی تیاری



امتحان دینے سے پہلے دنیا بھر کے اکثر لوگ مختلف قسم کے طریقے اپناتے ہیں۔ مثال کے طور پر پنجاب میں مائیں اپنے بچوں کو دہی اور شکر کھلاتی ہیں کیونکہ اس سے طالب علموں کو توانائی ملتی ہے۔ پولینڈ میں طلبا سرخ رنگ کی پتلون پہنتے ہیں جبکہ افریقہ کے کئی ملکوں میں طلبا سمجھتے ہیں کہ دوسروں سے ہاتھ ملانے سے تمام سیکھی ہوئی معلومات ان کے دماغ میں چلی جاتی ہیں۔ ہر آدمی اپنی پسند کے مطابق کوئی نہ کوئی طریقہ اپنا لیتا ہے۔

1 عبارت کے مطابق پنجاب کی مائیں کیا کرتی ہیں؟

2 عبارت کے مطابق افریقہ کے طلبا کیا سمجھتے ہیں؟

3 آپ کے خیال میں امتحان دینے سے پہلے طلبا کو کیا کرنا چاہیے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا آپ کی رائے میں لڑکوں اور لڑکیوں کے اسکول الگ الگ ہونے چاہئیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# ہوم ورک



بعض لوگوں کی رائے میں اساتذہ اپنا قیمتی وقت ہوم ورک کی تیاری اور اس کی مارکنگ میں ضائع کر دیتے ہیں۔ ان کے خیال میں بہتر یہ ہے کہ اساتذہ اپنا وقت طلبا کی قابلیت میں اضافہ کرنے کے لیے استعمال کریں۔ اسباق چاہے کتنے ہی دلچسپ کیوں نہ ہوں ہوم ورک کو دلچسپ بنانا بے حد مشکل ہے۔ اسی لیے طلبا جلد ہی اکتا جاتے ہیں۔ اگر ہوم ورک ضرورت کے مطابق دیا جائے تو طلبا اس میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔

1 عبارت کے مطابق اساتذہ کس چیز پر اپنا وقت ضائع کرتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق اساتذہ کو اپنا وقت کیسے استعمال کرنا چاہیے؟

3 آپ کی رائے میں ہوم ورک کرنے کا کیا فائدہ ہو سکتا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کی رائے میں طالب علموں کو چھٹیوں یا ویک اینڈ پر کام کرنا چاہیے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

GCE URDU AS
UNIT 1

TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT

STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)

CARD 2B

# ہوم ورک



بعض لوگوں کی رائے میں اساتذہ اپنا قیمتی وقت ہوم ورک کی تیاری اور اس کی مارکنگ میں ضائع کردیتے ہیں۔ ان کے خیال میں بہتر یہ ہے کہ اساتذہ اپنا وقت طلبا کی قابلیت میں اضافہ کرنے کے لیے استعمال کریں۔ اسباق چاہےکتنے ہی دلچسپ کیوں نہ ہوں ہوم ورک کو دلچسپ بنانا بے حد مشکل ہے۔ اسی لیے طلبا جلد ہی اکتا جاتے ہیں۔ اگر ہوم ورک ضرورت کے مطابق دیا جائے تو طلبا اس میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔

1 عبارت کے مطابق اساتذہ کس چیز پر اپنا وقت ضائع کرتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق اساتذہ کو اپنا وقت کیسے استعمال کرنا چاہیے؟

3 کیا آپ کی رائے میں اسکول کی چھٹیاں کافی ہوتی ہیں یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں طالب علموں کے لیے کام کا تجربہ کیوں ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے

BLANK PAGE

Images used within this paper and the accompanying candidate cards may be from
http://www.gettyimages.co.uk/